باب 2

مکمل اعداد

(Whole Numbers)

2.1 تعارف (Introduction)

جیسا کہ ہم جانتے ہیں کہ جب ہم گننا شروع کرتے ہیں تو ہم 1، 2، 3، 4، ... کا استعمال کرتے ہیں۔ گننا شروع کرتے ہی یہ فطری طور پر دماغ میں آجاتے ہیں۔ اس لیے ریاضی داں ان گننے والے اعداد کو طبعی یا فطری اعداد (Natural Numbers) کہتے ہیں۔

پیش رو اور جانشین (Predecessor and successor)

کسی بھی طبعی عدد میں ایک جمع کرنے پر ہمیں اگلا عدد حاصل ہوتا ہے۔ یعنی آپ کو اس عدد کا جانشین مل جاتا ہے۔

16 کا جانشین 16 + 1 = 17 ہے۔ اور 19 کا جانشین 19 + 1 = 20 ہے۔ اور اسی طرح آگے بھی۔

عدد 16، عدد 17 سے پہلے آتا ہے۔ ہم کہہ سکتے ہیں کہ 17 کا پیش رو ہے۔ 17 – 1 = 16

20 کا پیش رو ہے 20 – 1 = 19 اور اسی طرح آگے بھی ہے۔

عدد 3 کا ایک پیش رو ہے اور ایک جانشین بھی ۔ 2 کے بارے میں کیا خیال ہے؟ اس کا جانشین 3 اور پیش رو 1 ہے۔ کیا عدد 1 کا جانشین اور پیش رو دونوں ہیں؟

کوشش کیجیے

1۔ درج ذیل اعداد کے پیش رو اور جانشین لکھیے :
19; 1,997; 12,000;
49; 1,00,000;

2۔ کیا کوئی ایسا طبعی عدد ہے جس کا کوئی پیش رو نہیں ہے؟

3۔ کیا کوئی ایسا طبعی عدد ہے جس کا کوئی جانشین نہیں ہے؟ کیا کوئی آخری طبعی عدد ہے؟

© NCERT not to be republished